## سرجانی ٹاؤن میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونیوالے ایم کیوایم کے جوائنٹ یونٹ انچارج غلام شریف شہید کو عزیز آباد کے شہداء قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست صوبائی وزراء، مشیران، ارکان اسمبلی، حق پرست ناظمین، کونسلرز، شعبہ جات کے اراکین، سیکٹر کمیٹیوں کے ارکان، کارکنان اور ہمدردوں نے ہزاروں کی تعداد میں شرکت کی

## غلام شریف شہید کا جنازہ نائن زیرو سے اٹھایا گیا، نماز جنازہ جناح گراؤنڈ میں ادا کی گئی

کراچی۔۔۔18، دسمبر 2008ء۔۔۔ بدھ کی شب کراچی کے علاقے سرجانی ٹاؤن میں مسلح دہشت گردوں کی فائرنگ سے شہید ہونیوالے ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 2 یوسف گوٹھ کے جوائنٹ یونٹ انچارج غلام شریف شہید کو ہزاروں سوگواروں کی آہوں اور سسکیوں کے ساتھ عزیز آباد کے شہداء قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔ اس موقع پر ماحول انتہائی سوگوار تھا اور رقت آمیز مناظر دیکھے گئے، غلام شریف شہید کے بھائیوں نعیم شریف، غلام فرید اور سلیم کی حالت غم سے نڈھال تھی جنھیں ایم کیوایم کے رہنماؤں نے دلاسہ دیا۔ قبل ازیں شریف شہید کا جنازہ سرجانی ٹاؤن میں انکی رہائش گاہ سے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو لایا گیا جہاں رابطہ کمیٹی کے ارکان، شہید کی بہنوں محترمہ ریحانہ، فرزانہ، نعیمہ، سلمہ اور ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کی رکن آنسہ ممتاز انوار، خواتین ارکان قومی وصوبائی اسمبلی اور ایم کیوایم کے ہزاروں کارکنوں نے شہید کا آخری دیدار کیا۔ اس موقع پر ہر آنکھ اشکبار تھی۔ شہید کی نماز جنازہ جناح گراؤنڈ میں ادا کی گئی جس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب بخاری ایڈوکیٹ، وسیم آفتاب، ڈاکٹر نصرت، اشفاق منگی، شکیل عمر، انیس قائم خانی، نیک محمد، شاہد لطیف، حق پرست صوبائی وزراء، مشیران، حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، حق پرست ٹاؤن ناظمین، یوسی ناظمین، نائب ناظمین، کونسلرز، ایم کیوایم کے مختلف ونگز وشعبہ جات کے اراکین، کراچی کی سیکٹر کمیٹیوں کے ارکان، کارکنان اور ہمدردوں نے ہزاروں کی تعداد میں شرکت کی۔ بعدازاں غلام شریف شہید کا جسد خاکی ایک بڑے جلوس کی شکل میں عزیز آباد کے شہداء قبرستان لیجایا گیا، شہید کا جلوس جنازہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کی میت بسوں سمیت سینکڑوں کاروں، موٹر سائیکلوں پر مشتمل تھا جو جناح گراؤنڈ مکا چوک، وہاج اسپتال اور یاسین آباد سے ہوتا ہوا شہداء قبرستان گیا جہاں غلام شریف کو ہزاروں سوگواروں کی آہوں اور سسکیوں کے درمیان سپرد خاک کردیا گیا۔ غلام شریف شہید کا سوئم 19 دسمبر بروز جمعہ شہید کی رہائشگاہ سے نزدیک واقع جامعہ مسجد رحمانیہ میں ہوگا جس میں شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی۔ دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے کارکنان اور عوام سے اپیل ہے کی کہ وہ غلام شریف شہید کے سوئم میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شرکت کریں۔

## ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر کے جوائنٹ یونٹ انچارج غلام شریف شہید کی نماز جنازہ آج سہ پہر تین بجے عزیز آباد کے جناح گراؤنڈ میں ادا کی جائیگی، عزیز آباد کے شہداء قبرستان میں سپرد خاک کیا جائے گا

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب بخاری، انیس قائم خانی، حق پرست رکن سندھ اسمبلی عادل خان نے غلام شریف شہید کے گھر جاکر انکے اہل خانہ سے تعزیت کی۔ لندن سے اراکین رابطہ کمیٹی کی غلام شریف شہید کے بھائی سے فون پر اظہار تعزیت

” کراچی۔۔۔18 دسمبر 2008ء۔۔۔ ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر کے جوائنٹ یونٹ انچارج غلام شریف شہید کو آج عزیز آباد کے قبرستان میں سپرد خاک کیا جائے گا۔ غلام شریف شہید کو بدھ کی شب سرجانی ٹاؤن کے علاقے میں سیکٹر آفس کے قریب مسلح دہشت گردوں نے فائرنگ کرکے شہید کردیا تھا۔ غلام شریف شہید کی نماز جنازہ سہ پہر تین بجے عزیز آباد کے جناح گراؤنڈ میں ادا کی جائے گی جسکے بعد غلام شریف شہید کو عزیز آباد کے شہداء قبرستان میں سپرد خاک کیا جائے گا۔ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے کارکنان وحق پرست عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ غلام شریف شہید کے جنازے میں بھرپور تعداد میں شرکت کریں۔ دریں اثناء رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب بخاری ایڈوکیٹ، انیس احمد قائم خانی، علاقے کے حق پرست رکن سندھ اسمبلی عادل خان نے آج صبح غلام شریف شہید کے گھر جاکر انکے بھائیوں غلام فرید، غلام نعیم اور دیگر اہل خانہ سے تعزیت کی اور اس سانحہ پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا جبکہ لندن سے بھی رابطہ کمیٹی کے ارکان نے غلام شریف شہید کے بھائی غلام فرید سے فون پر تعزیت کی۔

## ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر کے جوائنٹ یونٹ انچارج غلام شریف کے قاتلوں کوگرفتار کیا جائے،ارکان قومی اسمبلی متحدہ قومی موومنٹ

## ایم کیوایم شہر کا امن تباہ کرنے اور سندھ کی منتخب حکومت کو غیر مستحکم کرنے کی ہر سازش کو عوام کے اتحاد اور تعاون سے ناکام بنادے گی

کراچی ۔۔۔18، دسمبر 2008ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے ارکان قومی اسمبلی نے مسلح دہشت گردوں ہاتھوں ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر کے جوائنٹ یونٹ انچارج غلام شریف کے بہیمانہ قتل کی شدید مذمت کی ہے اور بہیمانہ قتل کی اس واردات کوشہر کراچی میں امن کی کوششوں کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کی سازش قرار دیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ مسلح دہشت گرد اور جرائم پیشہ عناصر ایم کیوایم کے معصوم و بے گناہ کارکنان کی ٹارگٹ کلنگ کررہے ہیں اور عوام کی جان و مال سے کھیل رہے ہیں اور اپنی دہشت گردی کے ذریعے شہر کا امن تباہ کرنے پر تلے ہوئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم شہر کا امن تباہ کرنے اور سندھ کی منتخب حکومت کو غیر مستحکم کرنے کی ہر سازش کو عوام کے اتحاد اور تعاون سے اس مرتبہ بھی ناکام بنادے گی۔ارکان قومی اسمبلی نے صدر آصف زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیر اعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ غلام شریف کے بہیمانہ قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث دہشت گردوں کے خلاف سخت ترین کارروائی عمل میں لاکر جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جائے۔انہوں نے غلام شریف شہید کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

## ایم کیوایم کے جوائنٹ انچارج غلام شریف کے قتل پر قومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے ارکان کا احتجاج

اسلام آباد۔۔۔18، دسمبر 2008ء ۔۔۔کراچی میں ایم کیوایم کے جوائنٹ انچارج غلام شریف کے بہیمانہ قتل پر ایم کیوایم کے ارکان قومی اسمبلی نے آج ایوان میں شدید اظہار مذمت کیا۔جمعرات کو قومی اسمبلی میں نکتہ اعتراض پر بات کرتے ہوئے متحدہ قومی موومنٹ کے رکن قومی اسمبلی عبدالوسیم نے کہا کہ کراچی کے مختلف علاقوں میں بدنام زمانہ جرائم پیشہ عناصر قتل و غارتگری کررہے ہیں، گزشتہ روز میرے حلقہ انتخاب میں ایم کیوایم سرجانی سیکٹر یونٹ 2 یوسف گوٹھ کے کارکن غلام شریف کو بیدردی سے شہید کردیا گیا اور انکے سر میں چھ گولیاں ماری گئیں۔عبدالوسیم نے کہا کہ اس طرح کے واقعات کراچی میں تسلسل کے ساتھ جاری ہیں اور یہ کراچی کی تعمیر و ترقی کو روکنے اور امن و امان کی صورتحال خراب کرنے کی سازش ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کی کوششوں سے شہر کراچی میں جو امن قائم ہوا ہے وہ بعض عناصر کو پسند نہیں آرہا ہے جس کی وجہ سے آئے روز اس قسم کے واقعات رونما ہورہے ہیں۔

## حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے KESC کو گیس کی عدم فراہمی کی وجہ سے لوڈشیڈنگ کے حوالے سے توجہ دلاؤ نوٹس قومی اسمبلی میں پیش کردیا

## پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں کی کمی کی وجہ سے بجلی کے نرخوں میں چالیس فیصد اضافے کو فوری طور پر واپس لیا جائے

اسلام آباد۔۔۔18، دسمبر 2008ء ۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے اراکین قومی اسمبلی نے جمعرات کے روز قومی اسمبلی میں کراچی الیکٹرک سپلائی کارپوریشن کو گیس کی عدم فراہمی کی وجہ سے لوڈشیڈنگ کے حوالے سے توجہ دلاؤ نوٹس پیش کیا۔یہ نوٹس حق پرست اراکین قومی اسمبلی سید آصف حسنین، عبدالرشید گوڈیل، سفیان یوسف اور بیگم عمرانہ سعید جمیل نے پیش کیا۔اس موقع پر حق پرست رکن قومی اسمبلی سید آصف حسنین نے کہا کہ گیس کی عدم دستیابی کی وجہ سے کے ای ایس کی بجلی کی پیداوار میں کمی ہورہی ہے جس کی وجہ سے کراچی شدید متاثر ہورہا ہے جس کا فوری نوٹس لینا چاہیے۔حق پرست رکن قومی اسمبلی عبدالرشید گوڈیل نے کہا کہ ملک کی آبادی کا چودہ فیصد حصہ کراچی میں رہتا ہے جو لوڈشیڈنگ کی وجہ سے پریشان ہیں۔انہوں نے کہا کہ کراچی میں کے ای ایس سی کی پیداوار کی شرح کو 100 فیصد کرنے کیلئے اقدامات کیے جائیں پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں کی کمی کی وجہ سے بجلی کے نرخوں میں چالیس فیصد اضافے کو فوری طور پر واپس لیا جائے۔حق پرست رکن قومی اسمبلی سفیان یوسف نے کہا کہ گیس کا متبادل فرنس آئل تھا مگر فرنس آئل بجلی پیدا کرنے والی کمپنیاں استعمال نہیں کرتی جسکی وجہ سے پورے ملک میں لوڈشیڈنگ ہورہی ہے۔انہوں نے کہا کہ بجلی پیدا کرنے والی پورے ملک کی کمپنیوں سے اس بات کا جواب طلب کیا جائے۔حق پرست رکن قومی اسمبلی بیگم عمرانہ سعید جمیل نے کہا کہ بجلی کی پیداوار کی کمی کو وجہ سے جہاں کراچی کے شہری پریشانی میں مبتلا ہیں کراچی کی صنعت بھی تباہی کا باعث بن رہی ہے۔حق پرست اراکین قومی اسمبلی کے توجہ دلاؤ نوٹس کے جواب میں مشیر پیٹرولیم ڈاکٹر عاصم نے کہا کہ سردیوں میں گیس کا پریشر کم ہوجانے کی وجہ سے سپلائی میں فرق پڑتا ہے جس کی وجہ سے بجلی کی پیداوار کرنے والی کمپنیاں بھی اس دشواری کی وجہ سے متاثر ہورہی ہیں لیکن اس کی کمی پورا کرنے کیلئے اقدامات کیے جارہے ہیں۔

## کارکنان وعوام لانڈھی کے حق پرست ٹاؤن ناظم ڈاکٹر ارشاد احمد کے والد امتیاز احمد کی صحتیابی کیلئے دعا کریں۔الطاف حسین

لندن۔۔۔18 دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لانڈھی کے ٹاؤن ناظم ڈاکٹر ارشاد احمد کے والد امتیاز احمد کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلد صحتیابی کی دعا کی ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کارکنان اورحق پرست عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ امتیاز احمد کی صحتیابی اوردرازی عمر کیلئے دعا کریں۔

## ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر اور میڈیکل ایڈ کمیٹی کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔18،دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر یونٹ 130 کے کارکن محمد یاسر کے والد محمد ناصر،ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی قطر ہسپتال یونٹ کے کارکن سرور جمال کی والدہ محترمہ بلقیس اختر اورایم کیوایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر یونٹ 122 کے کارکنان سیف اللہ،راشداوراختر کے والد رسول خان کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## محمد محسن قریشی اور مسعود عالم قریشی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی اورایم کیوایم برطانیہ کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔18/دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن مجاہد عمر کے ماموں محمد محسن قریشی اور برمنگھم یونٹ کے جوائنٹ یونٹ انچارج انعام قریشی کے بہنوئی مسعود عالم قریشی کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اورسوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین) دریں اثناء ایم کیوایم برطانیہ یونٹ کے آرگنائزر ڈاکٹر سلیم دانش جوائنٹ آرگنائزر فیض احمد اوراراکین آرگنائزنگ کمیٹی نے بھی مجاہد عمر کے ماموں محمد محسن قریشی اورانعام قریشی کے بہنوئی مسعود عالم قریشی کے انتقال پر اپنے گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے اوردعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کی مغفرت فرمائے اورانہیں جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اورمرحومین کے لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے(آمین)

☆☆☆☆☆